© rasailojaraid.com

اکرام الحق اورنگ ۔ افسانے ؛ دلیوار ۔ ایک چہرہ کئی روپ، نئی منزل کے مسافر، جاگتی آنکھوں کا خواب، ننھا نے خودکشی کر لی (سچی کہانی)۔ دینی پہلو سے ۔ "حج کی فضیلت" "علمائے امت کا کردار"

الاخبار مواد کے اعتبار سے بھی اور زبان کے اعتبار سے بھی بہت اچھا معیار رکھتا ہے ۔ امید ہے کہ فروغ حاصل کرے گا ۔

---

**مقتدرہ قومی زبان کے رسائل** ناشر: ڈاکٹر وحید قریشی ۔ مقتدرہ قومی زبان، مکان ۶۰ گلی نمبر ۳۲، سیکٹر ۸ / ۱، اسلام آباد ۔

اس سے قبل بھی رسائل کا ایک سیٹ مقتدرہ کی طرف سے شائع ہوا تھا اور ہم نے ان صفحات میں تعارف کرایا تھا ۔ اب پھر ایک سیٹ موصول ہوا ہے ۔ نہایت اچھی طباعت اور رنگین سرورقوں کے ساتھ حسبِ ذیل مقالات مل سکتے ہیں ۔

۱۔ سیکرٹری ایٹ انسٹی ٹیوٹ (اردو ونگ) از معین احمد صدیقی
۲۔ براہوئی سے اردو ترجمہ ۔ ڈاکٹر انعام الحق کوثر ۔
۳۔ سید مسعود حسن رضوی، ادیب ۔ (کتابیات) از ڈاکٹر طاہر تونسوی ۔
۴۔ آغا حشر کاشمیری (کتابیات) از ڈاکٹر اے بی اشرف ۔
۵۔ سعادت حسن منٹو (کتابیات) از ڈاکٹر علی شاہ بخاری ۔
۶۔ شرعی عدالت میں ترویج اردو ۔ از ساجد الرحمٰن صدیقی ۔
۷۔ اردو نامہ ۔ لاہور کے منتخب ادارے ۔ از میاں محمد اسلم ۔
۸۔ سعودی عرب میں اردو ۔ از محمد حنیف شاہد ۔

ان کا مطالعہ اردو زبان وادب سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے نہایت مفید رہے گا قیمت کسی پہ درج نہیں ۔

---

© rasailojaraid.com